بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
دفتر مجلس انصاراللہ بھارت
Office of The Majlis Ansarullah Bharat
Aywan-e-Ansar, Mohalla Ahmadiyya Qadian-143516, Distt: Gurdaspur (Punjab) India

Ref / از حوالہ ____________ Date / تاریخ ____________

بخدمت مکرم ناظم صاحب ضلع/ زعیم صاحب اعلیٰ/ زعیم صاحب مجلس!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ مع اراکین مجلس انصاراللہ بفضلِ تعالیٰ بخیر و عافیت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔

الحمدللہ مجلس انصاراللہ کا نیا سال یکم جنوری 2026ء سے شروع ہو چکا ہے۔ اس ضمن میں سالانہ لائحۂ عمل رہنمائی کے طور پر ارسال کیا جا رہا ہے، جسے چار سہ ماہی مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے تا کہ تسلسل کے ساتھ جائزہ اور اصلاحِ کار ممکن ہو سکے۔ تمام ذمہ داران سے توقع ہے کہ اپنے فرائض بروقت ادا کریں اور ماہانہ رپورٹس مقررہ تاریخ سے قبل دفتر انصاراللہ بھجواتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں خلیفۂ وقت کی منشاء کے مطابق اپنی ذمہ داریاں احسن طور پر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام؛ خاکسار

(عطاء المجیب لونؔ)

صدر مجلس انصاراللہ بھارت

غیر مسلموں کو بھی مدعو کیا جائے گا۔ یہ کانفرنسز ایسے اضلاع میں منعقد کی جائیں گی جہاں کے انصار اراکین کانفرنسز کے اخراجات برداشت کرنے کے خود متحمل ہوں

10۔ **سمینارز :** ہر مجلس میں ''اقامۃ الصلوۃ'' کے موضوع پر سمینار منعقد کئے جائیں گے۔جن میں نماز کی فرضیت ،اہمیت، برکات اور فلسفہ پر روشنی ڈالی جائے گی اور نماز تہجد کی اہمیت پر بھی خصوصی زور دیا جائے گا۔

11۔ **نماز مترجم (پاکٹ سائز):** کی اشاعت کے سلسلہ کو وسعت دیتے ہوئے پنجابی، ملیالم، بنگلہ اور تمل زبانوں میں بھی اشاعت کی جائے گی۔

12۔اقامۃ الصلوٰۃ سے متعلق حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے منتخب ارشادات پر مشتمل ایک خوبصورت براؤشر شائع کیا جائے گا۔

13- **خصوصی شمارہ رسالہ انصاراللہ :** رسالہ انصاراللہ کا ایک خصوصی شمارہ بعنوان ''**اقامۃ الصلوٰۃ**'' اکتوبر 2026ء میں شائع کیا جائے گا اور اس خصوصی شمارہ کا اجراء سالانہ اجتماع بھارت کے افتتاحی پروگرام کیا جا سکے گا۔

## قیادت تجنید

تجنید تمام شعبہ جات کے لئے بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔صحیح تجنید ہوگی تو باقی قیادتیں اور ان کے ماتحت شعبہ جات بھی اس کے مطابق اپنی اسکیمیں یا منصوبے بنا کر متعلقہ زعماء و ناظمین کو بھجوا سکتے ہیں۔

(1) مجالس اپنی مکمل تجنید 31 جنوری تک بالضرور دفتر انصاراللہ میں بھجوا دیں۔

کسر پر ایک مقالہ بھجوانے والی مجالس ہی ملکی موازنہ میں مقالہ کے لئے مقررہ مکمل نمبرات کی حق دار قرار پاسکیں گی۔ان شاء اللہ

ضروری نوٹ: جو مقالہ جات شرائط پر پورا اترتے ہیں ایسے مقالہ نگاروں سے حسب ضرورت مقالہ سے متعلق سوال و جواب بصورت Viva کئے جاسکیں گے۔

**ایم ٹی اے کے پروگراموں سے استفادہ:**

لائیو خطبات، بچوں کی دنیا، سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفاء کرام کی سیرت وغیرہ پر مشتمل پروگرامز بچوں اور اراکین انصار کو مجالس میں دکھانے کا انتظام کروایا جائے۔اس سلسلہ میں ناظم ضلع رزعماء مرکز کو رپورٹ دیں گے۔

نصاب برائے مقابلہ کوئز اراکین انصاراللہ بھارت:

کتاب ''حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ اپنی تحریروں کی روسے'' (باب دعا جلد نمبر 1 صفحہ 651 تا682... باب ارکان اسلام جلد نمبر 2 صفحہ 992 تا1008)

نوٹ: کتاب ہذا کے مذکورہ بالا نصاب میں سے سوالات قیادت تعلیم کی طرف سے تابر کر کے مجالس کو بھجوائے جائیں گے۔انشاءاللہ

ii)معلومات عامہ 2025،2026

iii)خطبات حضور انور: خطبات جمعہ جنوری،فروری 2026 سے سوالات

نوٹ: خطبات میں سے سوالات قیادت تعلیم کی طرف سے تیار کر کے مجالس کو بھجوائے جائیں گے۔انشاءاللہ

(8) جماعتی تقریبات مثلاً جلسہ سیرت النبی ﷺ، یوم مسیح موعودؑ، یوم مصلح موعودؓ اور یوم خلافت کے موقعہ پر انصار کی بھرپور شرکت یقینی بنائیں۔

(9) حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کی روشنی میں تیار کردہ کتابچہ 'اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح' ہر ناصر بار بار پڑھے اور اجلاسات اور میٹنگز میں اس کے اقتباسات پڑھ کر سنائے جائیں۔

## ھدایات برائے رشتہ ناطہ:

- رشتہ ناطہ کے حوالہ سے گھروں کا وزٹ کر کے قابلِ شادی لڑکے لڑکیوں کا ڈاٹا اکٹھا کر کے مرکز ارسال کریں۔
- رشتہ ناطہ کے حوالہ سے مہینہ میں کم از کم ایک پروگرام منعقد کریں۔اور رشتہ ناطہ کے مسائل ختم کرنے کی کوشش کریں۔
- قابلِ شادی لڑکے لڑکیوں کی باقاعدگی کے ساتھ کاؤنسلنگ اسکیم کے مطابق کاؤنسلنگ کے پروگرام بنائیں۔

# قیادت تربیت نومبائعین

نومبائعین کی تربیت کے لئے خاص پروگرام بنائے جائیں۔نمازوں کی طرف توجہ دلائی جائے۔جن افراد کو نماز پڑھنی نہیں آتی اُن کو نماز سکھانے کا انتظام ہو۔ان کو جماعتی نظام، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، خلافت کے نظام کے بارہ میں پتہ ہونا چاہیئے کچھ نہ کچھ، مالی قربانی کی طرف بھی توجہ دلانے کی کوشش کریں۔

| | |
|---|---|
| سائیکلنگ (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 24 |
| **ایثار و خدمت خلق** | **کل نمبرات 252** |
| عطیہ خون | 48 |
| ضرورتمندوں کی امداد | 12 |
| علاج و معالجہ | 12 |
| عیادت | 12 |
| معمر افراد کی مزاج پرسی | 12 |
| بھوکوں کو کھانا | 12 |
| میڈیکل کیمپ (حکومت سے اجازت نہ ملے تو ضرورتمند بیماروں کی مالی مدد) | 60 |
| اجتماعی مثالی وقار عمل | 60 |
| یتامیٰ کیلئے رفاہی پروگرامز کی علیحدہ رپورٹ بھجوانے پر | 24 |
| **صف دوم** | **کل نمبرات 74** |
| نئی وصیتیں | 24 |
| موصیان (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 50 |
| **اشاعت** | **کل نمبرات 48** |
| خریداران انصاراللہ (اضافہ خریدان کا ذکر رپورٹ میں درج ہو) | 24 |
| مضامین برائے انصاراللہ | 24 |

